حیسکو پریس ریلیز مورخہ :15.12.2021

# چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز حیسکو جمیل گل شیخ کے ہمراہ بورڈ ممبرز اور چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کے کا لطیف آباد اور کوٹری کسٹومر کیئر سینٹروں کا دورہ۔

## کسٹومر سروس پالیسی میں تبدیلی لا کر آن لائن کمپیوٹرائزڈ کیا جائے، تاکہ صارفین باآسانی شکایات درج کرواسکیں۔جمیل گل شیخ

## بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز پر جلد از جلد عمل شروع کرکے صارفین کی بہتری کیلئے سروس فعال کی جائیگی۔نور احمد سومرو

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق آج حیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز چیئرمین جمیل گل شیخ نے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کے ہمراہ لطیف آباد اور کوٹری کسٹومر کیئر سینٹروں کا جائزہ لینے کیلئے دورہ کیا۔دورے کے دوران BOD چیئرمین جمیل گل شیخ نے حیسکو چیف کو تجویز دی کے کسٹومر کیئر پالیسی میں تبدیلی کی ضرورت ہے، اسی لیئے اس کو آن لائن کمپیوٹرائزڈ سسٹم میں تبدیل کیا جائے، تاکہ صارفین/عوام گھر بیٹھے اپنے موبائل، ٹیبلیٹ، لیپ ٹاپ یا کمپیوٹر سے ہی اپنی بجلی سے متعلق شکایات باآسانی درج کرواسکیں، انہوں نے کہا کہ ون ونڈو کے تحت یہ کام شروع کیا جائے اور شکایات کا اندراج اور مقررہ مدت (جو شکایت دور کرنے میں پیش آئے) کی صارف کو آگاہی بھی دی جائے، اور صارف کو شکایات نمبرز کی ٹریکنگ کی رسائی بھی دی جائے، تاکہ حیسکو کی نیک نامی ہو، انہوں نے کہا کہ ہم دوبارہ 25 دسمبر 2021ء کو وزٹ کریں گے اور کسٹومر کیئر سینٹروں کا معائنہ بھی کریں گے۔حیسکو چیف نور احمد سومرو نے کہا کہ سب سے پہلے صارف، ہمیں صارف کی Care کرنے ہے، اسی پالیسی کے تحت ہم کام کریں گے، انہوں کہا کہ صارف اور ملازمین حیسکو کے محافظ ہیں، چیئرمین BOD کی تجویز پر عمل کرنے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ تو بہترین عمل ہے جس سے صارفین کو آسانی ہوگی، ہم کل سے اس کام پر عمل کرکے حیسکو کے تمام کسٹومر کیئر سینٹروں کو آن لائن کمپیوٹرائزڈ کرنے کا کام شروع کریں گے، جس سے حیسکو صارفین کی سہولت میں بہتری اور حیسکو کی نیک نامی ہوگی۔دورے کے دوران چیئرمین BOD کے ہمراہ بورڈ ممبران راشد خان، ذوالفقار فاروقی، محمد راشد، محمد عرفان موجود تھے، جبکہ حیسکو چیف کے ہمراہ چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، ڈائریکٹر کمپیوٹر نادخشک، ڈائریکٹر CM&O فیض محمد ڈومکی، S.E حیدرآباد نثار احمد میمن، S.E لاڑ عبدالغفور شیخ، XEN لطیف آباد غلام فاروق تنیو، XEN کوٹری گلزار احمد دستی، انچارج لطیف آباد CCS ظہرہ فیصل، انچارج CCS کوٹری علی عمران، SDO کوٹری سید عاقب عباس شاہ، ڈپٹی مینجر شعبہ تعلقات عامہ محمد صادق کُبر و دیگر موجود تھے۔














حیدرآباد: چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز حیسکو جمیل گل شیخ کے ہمراہ بورڈ ممبرز اور حیسکو چیف نور احمد سومرو و دیگر افسران
کے ہمراہ لطیف آباد اور کوٹری کسٹومر کیئر سینٹروں کے دورے کے دوران تصویری جھلکیاں۔